## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن سید شرافت علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔11، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر یونٹ 55 کے کارکن سید شرافت علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے (آمین)

## سید شرافت علی اور ذیشان عالم کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔11، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 55 کے کارکن سید شرافت علی اور ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کی یونٹ کمیٹی کے رکن ذیشان عالم کے والد آفتاب عالم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ گاؤں گنڈا اور باغیٹ میں ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں

## طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے طبی کیمپ کا انعقاد

## حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی اور حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے ہزاروں متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم کیں

کوئٹہ۔۔۔11، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے صوبہ بلوچستان میں سیلابی ریلے اور بارش سے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں اور متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔تفصیلات کے مطابق خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان پر مشتمل دس رکنی امدادی ٹیم بلوچستان میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلے سے متاثرہ گاؤں گنڈاخان اور باغیٹ پہنچ گئی ہے جہاں انہوں نے امدادی سرگرمیاں شروع کردی ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے گاؤں گنڈاخان میں طبی کیمپ کردیا گیا ہے جہاں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے وبائی امراض میں مبتلا سینکڑوں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں ادویات فراہم کیں۔دریں اثناء حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی اور حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے ایم کیوایم کے طبی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں کو فراہم کی جانے والی علاج ومعالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔بعدازاں حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی اور سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے سیلابی ریلے اور بارش سے متاثرہ گاؤں گنڈاخان اور باغیٹ کا دورہ کرکے وہاں غذائی اجناس سے محروم  ہزاروں افراد میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔ایم کیوایم کی جانب سے فراہم کی جانے والی غذائی اجناس میں آٹا، چاول، گھی، چینی، خشک دودھ، چائے کی پتی، منرل واٹر، دالیں اور دیگر ضروری اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر بھوک وافلاس کا شکار متاثرین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبی وامدادی سرگرمیوں کو سراہا اور جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔واضح رہے کہ ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی ٹیم دوروز قبل غذائی اجناس اور ادویات پر مشتمل ٹرک کے ہمراہ کراچی سے زمینی راستے کے ذریعے بلوچستان روانہ ہوئی تھی۔

## شہداد پور میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں
## کبو تحصیل کے گاؤں میر پور برڑ واور خلیفہ خان کے سینکڑوں متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم
## شہداد کوٹ اور قمبر سٹی میں کے طبی امدادی کیمپوں میں 700 مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں

شہداد پور۔۔۔11، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلابی ریلے سے متاثرہ اندرون سندھ کے علاقوں میں غذائی اجناس کی تقسیم اور متاثرہ افراد کو طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار پنہوراور حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ نے شہداد پور کی کبوسید تحصیل کے گاؤں میر پور برڑ واور گاؤں خلفیہ خان کے سینکڑوں متاثرین میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔اس موقع پر متاثرہ افراد نے ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کے نمائندوں کو بتایا کہ اب تک ہمارے پاس کہیں سے بھی کوئی امدادی سامان نہیں پہنچا ہے۔دریں اثناء شہداد کوٹ اور قمبر سٹی میں سیلابی ریلے اور بارش سے متاثرہ افراد کو طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے اور آج شہداد کوٹ کے طبی کیمپ پر 300 اور قمبر سٹی کے طبی کیمپ پر 400 مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار احمد پنہورر اور رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ نے ایم کیوایم کے طبی کیمپوں کا دورہ اور متاثرین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی امدادی کیمپوں پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے 16 اراکین کا اعلان کر دیا گیا ہے
## ایم کیوایم کی جدوجہد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کے حقوق کا حصول ہے، سلیم شہزاد، محمد اشفاق

لندن۔۔۔11، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے 16 اراکین کا اعلان کر دیا گیا ہے۔یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن اور ایم کیوایم برطانیہ کے نگراں محمد اشفاق بھی موجود تھے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے ایم کیوایم برطانیہ کی تشکیل نو کر دی گئی ہے جس کے تحت ایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سلیم دانش، جوائنٹ انچارجز عظمت بیگ (برمنگھم)، فیض احمد، فنانس سیکریٹری عبدالحلیم، آفس سیکریٹریز محمد عثمان اور خالد احسان ہونگے۔آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین میں سفیان یوسف، ریحان عباسی، وزارت حسین، محمد ہاشم، سہیل خانزادہ، آصف جمیل، منشاء خان (شیفیلڈ) مجاہد علی، علی مرتضٰی اور ڈاکٹر ثروت شامل ہیں۔ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ناموں کا اعلان گزشتہ روز لندن کے علاقے ایجویئر میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے دفتر میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد اشفاق اور برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سلیم شہزاد اور محمد اشفاق نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ اور غیر منصفانہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام کو بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدہ اور مذہب ان کے بنیادی حقوق میسر ہوں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کا حصول ہے اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان پر لازم ہے کہ وہ تحریک کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔انہوں نے یوکے آرگنائزنگ کمیٹی کے نئے ارکان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم میں عزت کا معیار عہدے اور ذمہ داری نہیں ہے بلکہ کام ہے لہٰذا تمام ذمہ داران تحریک کے بنیادی فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اجلاس سے نئی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بھی خطاب کیا۔

## اپوزیشن جماعتیں صرف ایم کیوایم دشمنی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متحد ہیں،ایم کیوایم امریکہ

کراچی۔۔۔11جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ امریکہ یونٹ کے آرگنائزر اعجاز صدیقی ، جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے لندن میں اپوزیشن جماعتوں کی کانفرنس میں ایم کیوایم کے خلاف زہرافشانی کی مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لندن میں آل پارٹیز کانفرنس میں تمام اپوزیشن جماعتیں صرف اور صرف ایم کیوایم دشمنی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متحد تھیں جبکہ دیگر ایشوز پر ان جماعتوں میں واضح اختلاف دنیا بھر نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ اس کانفرنس میں عوامی نیشنل پارٹی ، پیپلز پارٹی ، جماعت اسلامی اور تحریک انصاف بھی شریک تھی جو کہ 12 مئی کو کراچی میں مسلح دہشت گردی اور قتل وغارتگری میں براہ راست ملوث ہیں اور کراچی میں قتل وغارتگری پر مگر مچھ کے آنسو بہارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کے تین صوبے طوفانی بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہیں لیکن اقتدار کی ہوس میں بھان متی کے کنبہ نے نام نہاد کانفرنس کے انعقاد پر کروڑوں روپے خرچ کردیئے۔انہوں نے کہا کہ اگر اپوزیشن جماعتوں کو واقعی طوفانی بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ افراد سے ہمدردی ہوتی تو وہ نام نہاد کانفرنس پر کروڑوں روپے خرچ کرنے کے بجائے اس رقم کو متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خرچ کرتی ۔ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں جتنی چاہیں سازشیں کرلیں لیکن وہ ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی سازش میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گی۔

## عوام 12 مئی کو عوامی نیشنل پارٹی کے دہشت گردوں کی چنگیزیت سے واقف ہیں،سیکٹر انچارجز

کراچی۔۔۔11جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سیکٹر انچاجز نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام 12 مئی کو عوامی نیشنل پارٹی کے دہشت گردوں کی چنگیزیت سے اچھی طرح واقف ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو ایم کیوایم کی پرامن ریلیوں کو مسلح دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا اور ایم کیوایم کے 14 کارکنان کو فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا لیکن ایم کیوایم پر تنقید کرنے والے آج تک اس سوال کا جواب دینے سے کترارہے ہیں کہ ایم کیوایم کے 14 کارکنان کو کن دہشت گردوں نے شہید کیا۔سیکٹر انچارجز نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے ہمدردوں نے 12 مئی کو عوامی نیشنل پارٹی ،پیپلز پارٹی ، جماعت اسلامی اور دیگر جماعتوں کی مسلح دہشت گردوں کے ثبوت جمع کئے جن کی مدد سے ایم کیوایم کے میڈیا سیل نے ''کڑوا سچ'' نامی وڈیو فلم جاری کرکے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا پر واضح کردیا کہ 12 مئی کو کراچی میں چنگیزیت اور بربریت کا مظاہرہ کرنے والے کون لوگ تھے۔سیکٹر انچارجز نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی جھوٹے اور بددیانتی پر مبنی بیانات کے ذریعے عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتی اور نہ ہی حقائق کو عوام سے پوشیدہ رکھ سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆